نقش اول سے بہ مراتب افضل ہے۔ خاص طور پر مجیب صاحب کی وہ تحریر اور وہ خطبے جن میں تصوف کی چاشنی بھی ہے، ادب کی حلاوت بھی، اور ایمان کی لذت بھی، اپنا جواب نہیں رکھتے۔ جامعہ کا نیا دور عبداللطیف صاحب اعظمی کی ادارت میں شروع ہوا ہے اور ہمیں امید ہے اعظمی صاحب کی محنت اور صلاحیت اسے اور زیادہ وقیع اور باوقار بنا دے گی۔ قیمت سالانہ چھ روپے۔ ملنے کا پتہ، جامعہ نگر، اوکھلا، دہلی۔

مقامِ حسینؑ اس قابلِ قدر کتاب کے مؤلف حضرت پیام شاہجہان پوری ہیں۔ جب یہ کتاب شایع ہوئی تھی تو اس پر مفصل تبصرہ ہم کر چکے ہیں۔ اور بتا چکے ہیں کہ کتاب محنت اور دیانتِ فکر کے ساتھ لکھی گئی ہے اور ہر آئینہ حوصلہ افزائی کی مستحق ہے۔

یہ نیا ایڈیشن نئے اضافوں کے ساتھ شایع ہوا ہے۔ اس لحاظ سے جو لوگ اس کتاب کو پڑھ چکے ہیں انہیں پھر اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

"خلافت معاویہ و یزید" نامی رسوائے عالم کتاب کے مزخرفات و شطحیات کا جواب بھی پیام صاحب نے خوبی سے دیا ہے۔ جو لوگ اس کتاب کا مطالعہ کر چکے ہیں انہیں ان جوابوں کا مطالعہ بھی ضرور کرنا چاہیے۔ کتابت طباعت عمدہ۔ قیمت چھ روپے۔ ملنے کا پتہ، اشاعت منزل، بل روڈ، لاہور۔ (ر۔ا۔ج)

اسلام اور عدل و احسان

مصنف رئیس احمد جعفری

قیمت ۶٫۵۰ روپے

ملنے کا پتہ: سیکریٹری ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ۔ کلب روڈ۔ لاہور